شفیق فاروقی



دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی صحت حضرت شیخ الحدیث مدظلہ جو ۱۳ر جنوری سے جناح ہسپتال کراچی میں آنکھوں کے علاج کے سلسلہ میں مقیم ہیں، پروفیسر ڈاکٹر ٹی۔ ایچ کرمانی اور دیگر حضرات بڑی توجہ سے علاج فرما رہے ہیں شوگر کیوجہ سے آنکھیں صاف نہیں ہو رہی ہیں جسکی وجہ سے ڈاکٹر فوٹو کاگولیشن کا طریقہ علاج مختلف وقفوں سے کر رہے ہیں، عمومی صحت حضرت کی روبہ افاقہ ہے اور تاحال یعنی ۱۲ر اپریل ۱۹۷۹ء تک کراچی میں زیر علاج ہیں قارئین سے دعاء صحت تامہ اور مکمل بینائی کی اپیل ہے۔

مدیر الحق کی مصروفیات ۲۵ر مارچ ۷۹ء کو جناب مدیر الحق۔ صدر پاکستان کی نامزد کردہ قومی کمیٹی برائے مدارس عربیہ کے اجلاس میں شمولیت کے لئے روانہ ہوئے ۲۶ر مارچ کی شام کو کراچی پہنچ کر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی خدمت میں حاضری دی، ۲۷ر مارچ کی صبح کمیٹی کے اجلاس میں شمولیت کے لئے کراچی سے بذریعہ کار حیدرآباد تشریف لیگئے، جہاں یونیورسٹی حیدرآباد میں دو دن کمیٹی کے اجلاس ہوتے رہے ابتدائی نشست میں وفاقی وزیر مذہبی امور نے بھی شرکت کی، قومی کمیٹی کے اجلاسوں میں مدیر الحق کی پہلی شمولیت تھی اور الحمدللہ نصاب درس نظامی کے سلسلہ میں آپ نے بھرپور ترجمانی کی اور گرمجوشی سے معرکہ میں حصہ لیا۔ اب کمیٹی کی منتخب کردہ ذیلی کمیٹی برائے نظرثانی نصاب مروجہ عصری کا اجلاس ۱۷ - ۱۸ر اپریل کو اسلام آباد میں ہوگا۔ محترم مدیر صاحب اس ذیلی کمیٹی میں بھی شامل ہیں اور انشاء اللہ نصاب مدارس عربیہ کے افادیت کے سلسلہ میں بھرپور وکالت کریں گے۔ حیدرآباد کے اجلاس کے بعد مدیر الحق ہفتہ عشرہ حضرۃ شیخ الحدیث مدظلہ کی خدمت میں کراچی میں رہے اور ۱۹ر اپریل کو واپسی ہوئی۔

ششماہی امتحانات ۳۱ر مارچ مطابق ۲ر جمادی الآخر کو دارالعلوم کے ششماہی تحریری اور تقریری امتحانات ہوئے جو ہفتہ بھر جاری رہے۔

مؤرخ دارالعلوم دیوبند کی وفات دارالعلوم دیوبند اور دیوبند کے مشہور تاریخ نگار جناب سید محبوب رضوی کا دیوبند میں اچانک انتقال ہوا، یہ اطلاع مدیر الحق کے نام مولانا بدرالحسن قاسمی مدیر الداعی کے خط سے ہوئی جناب مدیر صاحب نے ایک خط کے ذریعہ دارالعلوم حقانیہ کیطرف سے اظہار تعزیت کیا اور دعائے مغفرت کی گئی۔